© rasailojaraid.com



## راہ نمائے ترجمہ قرآن کریم (پارۂ اوّل)

مرتبہ : قاضی محمد زاہد الحسینی و حافظ نذر احمد -
ضخامت : ۱۲۴ صفحات تقطیع ٣٠ × ٢٠ / ٨ -
کتابت و طباعت : واجبی - ہدیہ : مفت -
ناشر : تعلیم القرآن ٹرسٹ ، راہوالی ، گوجرانوالہ -

قرآن حکیم وہ مقدس کتاب ہے ، جس کا پڑھنا ، سننا اور اس پر عمل کرنا دین اور دنیا میں فلاح کا ضامن ہے۔ لیکن عمل کے لئے پہلے اس کا سمجھنا ضروری ہے ۔ زیرِ نظر " راہ نمائے ترجمہ قرآن کریم " پارہ اوّل کا ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔ آغاز میں عربی گرامر کے ابتدائی قواعد درج کئے گئے ہیں ۔ ہر صفحہ کا آغاز کلام اللہ سے ہوتا ہے۔ صفحہ کے دوسرے حصہ میں قرآن کے الفاظ معہ ترجمہ تحریر کئے گئے ہیں تاکہ طلبا اس فرہنگ کی مدد سے خود سمجھنے کی کوشش کریں۔ ہر لفظ کا ترجمہ صرف ایک بار دیا گیا ہے ، تاکہ اسی لفظ کے دوبارہ آنے پر طلبا کی یادداشت کا امتحان ہوتا رہے۔ "تعلیم القرآن ٹرسٹ" نے جس جذبہ سے یہ منصوبہ تیار کیا ہے ، قرآن مجید کے طالب علموں کو اس کی قدر کرنی چاہیئے۔

---




© rasailojaraid.com